کل نمبر:25　　**اُردو(ششم)ٹیسٹ نمبر1**　　**وقت:30منٹ**

تیسرا مہینہ، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن	**سلیبس:** دُہرائی ٹیسٹ سلیبس (چوتھا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ انسان پر گہرا اثر ہوتا ہے:

(الف)	ماحول کا	(ب)	بارش کا	(ج)	دُھوپ کا	(د)	ہوا کا

2۔ ہر قسم کی آلودگی سے پاک کر کے ہی ہم بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں:

(الف)	ہوا کو	(ب)	ماحول کو	(ج)	خلا کو	(د)	فضا کو

3۔ شور سے آلودگی جنم لیتی ہے:

(الف)	آبی	(ب)	زمینی	(ج)	صوتی	(د)	خلائی

4۔ آلودگی کی بڑی اقسام ہیں:

(الف)	چھے	(ب)	پانچ	(ج)	چار	(د)	تین

5۔ کورونا کی وبا پھیلی:

(الف)	وائرس سے	(ب)	بیکٹیریا سے	(ج)	مچھروں سے	(د)	مکھیوں سے

6۔ ایسے الفاظ جن کو زبان پر لاتے ہی ان سے تعلق رکھنے والے بہت سے مزید الفاظ ذہن میں آجائیں، کہلاتے ہیں:

(الف)	متشابہ	(ب)	متلازم	(ج)	مذکر	(د)	مترادف

7۔ کسی عبارت کے اہم نکات اخذ کر کے اُس کا نچوڑ یا خلاصہ لکھنا کہلاتا ہے:

(الف)	شاعری	(ب)	مضمون نگاری	(ج)	تلخیص نگاری	(د)	تبصرہ نگاری

8۔ درسی کتاب کے مطابق تلخیص نگاری کے اصول ہیں:

(الف)	پانچ	(ب)	چھے	(ج)	سات	(د)	آٹھ

9۔ درخت ہمارے لیے ہیں:

(الف)	فائدہ مند	(ب)	نقصان دہ	(ج)	اہم	(د)	غیر ضروری

10۔ بیماریوں کی بڑی وجہ ہیں:

(الف)	جانور	(ب)	مکھیاں اور مچھر	(ج)	صاف پانی	(د)	پودے

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر11، 12اور13 کے جواب دیں۔

فیکٹریوں اور کارخانوں کا کیمیکل ملا پانی، ندی نالوں میں بہا دیا جاتا ہے۔ شہر کے آلودہ پانی کو دریاؤں میں پھینک دیا جاتا ہے اس کے نتیجے میں آبی آلودگی جنم لیتی ہے۔ کیوں کہ یہی پانی جب بالواسطہ یا بلاواسطہ انسانوں، جانوروں اور پرندوں کے استعمال میں آتا ہے تو اس سے وہ مختلف اقسام کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

11۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	چڑیا کی نصیحت	(ب)	ذرا فون کرلوں؟	(ج)	ہمارا ماحول اور آلودگی	(د)	محنت میں عظمت

12۔ کیمیکل ملا پانی ہوتا ہے:

(الف)	ہوٹلوں کا	(ب)	ہسپتالوں کا	(ج)	گھروں کا	(د)	فیکٹریوں کا

13۔ شہر کے آلودہ پانی کو دریاؤں میں پھینک دیا جاتا ہے اس کے نتیجے میں آلودگی پھیلتی ہے:

(الف)	آبی	(ب)	صوتی	(ج)	فضائی	(د)	زمینی

حصہ دوم اور حصہ سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے (6) نمبر ہوں گے **(12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: سائنس کے کرشمے کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: اسم ضمیر یا ضمیر موصولہ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: دوست کے نام خط لکھیں جس میں اُسے امتحان میں کامیابی کی مبارک باد دی گئی ہو۔

سوال نمبر2: گندگی کے ڈھیر کیا نقصان پہنچاتے ہیں؟